


السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ذاکری کورس اپنے آخری مراحل کی جانب بڑھ رہا ہے۔
امید ہے کہ آپ ذاکری کی تربیتی کلاسز سے مکمل استفادہ فرمارہے ہوں گے۔ گیارہویں ہفتے کے تین دروس آج بھیجے جارہے ہیں۔
امید ہے کہ آپ مختصر مدت کی مجلس اپنے انداز میں پڑھ کر ریکارڈ کر کے سن رہے ہوں گے اور ناقدانہ اپنا جائزہ لے رہے ہوں گے۔ دس منٹ کے دورانیہ پر مشتمل ایک مختصر مجلس کو ریکارڈ کر کے ہمیں بھیجنے کی تیاری رکھئے، کورس کے اختتام پر مدرسہ کی طرف سے اس سلسلے میں ہدایات بھیجی جائیں گی
اگر ممکن ہو تو اپنا تاثرات ہمیں بھیجتے رہا کریں تا کہ ہمیں اندازہ رہے کہ طالب علم ان دروس سے کس قدر استفادہ کر رہے ہیں۔

والسلام انتظامیہ مدرسۃ القائمؑ

## اس ہفتے کے دروس

ایصالِ ثواب کی مجالس۔۔۔۔ کردار سازی کا اھم ترین موقع

https://www.youtube.com/watch?v=FcdSiQkKBL8

https://vimeo.com/489892593

---------------------------------------

مجالسِ عزاء میں بیان کئے جانے والے قرآنی موضوعات

https://www.youtube.com/watch?v=Kh3X-N4ZsFU

https://vimeo.com/489898996

---------------------------------------------------------------

کیا غمِ امامِ حسینؑ میں خاک آلود ھونا جائز ھے؟

https://www.youtube.com/watch?v=R7PCzv0Oq-Y

https://vimeo.com/490700790

## اس ہفتے کی پوسٹس کا حفظ

# اپنی عمر میں اضافہ کریں

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

## زیادہ معاف کر دینے والے شخص کی عمر میں اضافہ ہوتا ہے۔

(میزانِ حکمت۔ جلد 6۔ صفحہ 551 / بحار الانوار۔ جلد 71۔ صفحہ 259)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
ہر محفل سے اُٹھنے کے بعد استغفار کیجئے
حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا
حضرت رسولِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خدا جب بھی
کسی مجلس سے (خواہ وہ مختصر ہی کیوں نہ ہوتی)
اُٹھتے تو پچیس 25 مرتبہ خداوندِ عالم سے
استغفار فرمایا کرتے تھے۔
حوالہ: منتخب میزانِ حکمت
جلداوّل۔ صفحہ 167۔ حدیث 1099
أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# بندے کی اصل آزمائش ڈھیل دے کر کی جاتی ہے

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ

حضرت امام علی علیہ السلام نے فرمایا

اللہ تعالیٰ کسی کی
اِتنی آزمائش نہیں کرتا
جتنی اُسے
ڈھیل دے کر کرتا ہے۔

حوالہ
منتخب
میزانِ حکمت
جلداوّل
صفحہ139
حدیث911

www.facebook.com/madrasatulqaaim


بخار کے مریض کے لئے
سیب فائدہ مند ہے
حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا
جن مریضوں کو بخار ہو
اُنہیں سیب کھلائیں
کیونکہ بخار والے مریض کے لئے
سیب سے بڑھ کر
کوئی چیز مفید نہیں ہے۔
حوالہ: بحارالانوار
علّامہ مجلسی۔ جلد 66۔ صفحہ 172
آسمانی نصیحتیں۔ صفحہ 170
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
کب خاموش رہیں کب بولیں؟
حضرت امام سجاد علیہ السّلام نے فرمایا
مومن خاموش رہتا ہے
تاکہ بچا رہے
اور گفتگو کرتا ہے
تاکہ اُس سے
دوسروں کو فائدہ ہو۔
حوالہ: منتخب میزانِ حکمت۔
جلد اوّل۔ صفحہ 106۔ حدیث 655
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# مظلوم سے مِلتا جُلتا ظالم

حضرت امیرالمومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا

میں نے حاسد سے بڑھ کر
مظلوم سے مِلتا جُلتا کوئی ظالم نہیں دیکھا
(جس کو) ہمیشہ کے حسد، حیران و پریشان دل
اور مسلسل حُزن و ملال نے گھیرا ہوتا ہے۔

حوالہ: منتخب میزانِ حکمت
جلد اوّل۔ صفحہ 225۔ حدیث 1552

www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

# مومن اور فاجر کی پہچان

حضرت امام علی علیہ السلام نے فرمایا

مومن وہ ہوتا ہے جو اپنے دین کو
اپنی دنیا کے ذریعہ بچاتا ہے
اور فاجر وہ ہوتا ہے جو اپنی دنیا کو
اپنے دین کے ذریعہ بچاتا ہے۔

حوالہ: منتخب میزانِ حکمت۔ جلد اوّل۔ صفحہ 106۔ حدیث 654

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# شَجاع بنیئے
# بُزدل نہیں

حضرت امیرالمومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا

بے عیب انسان کس قدر شَجاع
اور عیب دار انسان کس قدر بُزدل ہوتا ہے۔

(غرر الحکم/ میزان حکمت ۔ جلد 5 ۔ صفحہ 66)

00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

# شُکر کی زیادتی
# نعمتوں میں اضافہ

امام محمد تقی علیہ السلام نے فرمایا

لايَنقطِعُ المزيدُ مِن اللهِ حَتّي يَنقَطِعَ الشُّكرُ مِنَ العِبادِ

اللہ کی طرف سے
(نعمتوں میں) اضافہ رُکتا نہیں
یہاں تک کہ بندوں کا شُکر رُک جائے۔

(تحف العقول، ص 480)

00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

# اللہ کے اجازت یافتہ افراد سے مدد طلب کرنا صحیح ہے --

## آیت اللہ شیخ جواد تبریزی

سوال: 537 -- اگر کوئی انسان کھڑے ہوتے وقت یا علیؑ اور یا زہرا کہے تو اس کے متعلق آپ کی کیا رائے ہے۔؟

جواب : اہلبیتؑ سے مدد مانگنا بالکل صحیح ہے جبکہ یہ عقیدہ ہو کہ یہ اپنی مستقل حیثیت میں مدد نہیں کرتے بلکہ اس لحاظ سے مدد کرتے ہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مدد کرنے کے لئے اجازت یافتہ ہیں --




صراط النجاة في أجوبة الأستفتاءات
آیت اللہ المیرزا جواد التبریزي جلد 12، سوال 537

(٥٣٧) ما رأى سماحتكم عندما يقول الإنسان فى قيامه: (يا علىّ) أو (يا زهراء)؟

}: الاستعانة بأهل البيت لا على نحو الاستقلال أمرٌ صحيح؛ لأنه يُستعان بهم بما هو مأذون من قِبَل البارى تعالى بالإعانة.



# علم اور عمل

## علم وہی ہے جس سے کردار میں بہتری آئے

**حضرت عیسیٰؑ علیہ السلام نے فرمایا**

اگر کسی گھر کی بالائی چھت کے اوپر
چراغ رکھ دیا جائے
اور گھر کا اندرونی حصّہ تاریکی میں ڈوبا رہے
تو اس گھر کے لئے اس چراغ کا کیا فائدہ؟
اِسی طرح اگر علم کی روشنی صرف زبان پر جاری ہو
لیکن دل تاریکی کا مرکز بنا ہوا ہو تو اس علم کا کیا فائدہ؟

(گفتارِ انبیاء۔ آقائے محمد مہدی تاج لنگرودی۔ صفحہ164)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# اپنے گناہوں کو بخشوانے کا آسان طریقہ


حضرت امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا


جو بھی شخص اپنے مومن بھائی کی قبر کی زیارت کرے گا
اور اپنا ہاتھ قبر پر رکھ کر سورۂ انا انزلنا
سات بار قرأت کرے گا تو خداوندِ متعال
اسکے گناہوں اور صاحب قبر کے گناہوں کو معاف کرتا ہے۔

(عطاردی، عزیز اللہ، مسند الامام الرضا، علیہ السلام، ج 2، ص 254)





اپنے ہر دن کو مصیبتوں سے محفوظ کرنے کا طریقہ
حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا
جو شخص صبح کے وقت صدقہ دے
اللہ تعالیٰ اُس دن کی نحوست کو
اُس سے دور کرے گا۔
(مفاتیح الحیات۔ آیت اللہ جواد آملی۔ صفحہ 689)
www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم


اطاعتِ الٰہی میں خرچ کیجئے
ورنہ نافرمانئ خدا میں خرچ ہوجائے گا
صادق
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ
حضرتِ امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا
راہِ خدا میں خرچ کرو اور اس کے بدلے پر یقین رکھو
جان لو کہ جو شخص اطاعتِ الٰہی کی راہ میں خرچ نہیں کرتا
وہ اللہ عزّوجل کی نافرمانی کی راہ میں خرچ کرنے میں مبتلا ہوجاتا ہے۔
(من لایحضرہ الفقیہ۔جلد4۔صفحہ412)
www.facebook.com/madrasatulqaaim


اگر پہلے توبہ کرلیں؟
حضرت امیرالمومنین امام علی علیہ السّلام نے فرمایا
اگر لوگ اس وقت توبہ کرلیں
جس وقت نافرمانی کرتے ہیں
اور ایسا نہ کرنے کا ارادہ کرلیں
تو نہ ان پر عذاب کیا جائے
اور نہ وہ ہلاک ہوں۔
(ہدایۃ العلم وغرر الحکم۔حصّہ دوم۔صفحہ 165)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# اگر زبردستی کوئی امانت چھوڑ جائے؟



مسئلہ 918: اگر کوئی شخص کسی دوسرے شخص سے یہ چاہے کہ اِس کا مال اُس کے پاس امانت کے طور پر رہے لیکن دوسرا شخص اسے قبول نہ کرے اور نہ ہی اس مال کو ہاتھ میں لے اس کے باوجود پہلا شخص اپنا مال اس کے پاس چھوڑ جائے اور بعد میں مال تلف (ضائع) ہوجائے تو دوسرا شخص اس مال کا ضامن نہیں ہوگا اگرچہ اس کیلئے بہتر یہ ہے کہ بقدر امکان اس مال کی حفاظت کرے۔

حوالہ: https://www.sistani.org/arabic/13/647



MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# اگر وقتِ مقرّرہ پر اُدھار واپس نہ کر سکے؟



مسئلہ 686:

اُدھار کے معاملے میں وقتِ مقرّرہ کے بعد بیچنے والا
خریدار سے پیسوں کا مطالبہ کر سکتا ہے
اور اگر خریدار کیلئے پیسہ ادا کرنا ممکن نہ ہو
تو بیچنے والا چاہے تو خریدار کو مزید مہلت دے دے اور چاہے تو معاملہ
کو باطل کر سکتا ہے اور اپنی چیز واپس لے سکتا ہے اگر وہ موجود ہو
اور اگر وہ موجود نہ ہو تو خریدار کی گردن پر ہے کہ یا تو اس چیز
کے بدلے اس کے جیسی ہی دوسری چیز بیچنے والے کو دے
یا (اس وقت بازار میں) جو اس کی قیمت ہے وہ بیچنے والے کو دے۔

حواله: https://www.sistani.org/arabic/book/13/625

www.facebook.com/madrasatulqaaim


ایسا گناہ جو خدا سے جنگ کرنے کے برابر ہے
حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا
کبر و بزرگی اللہ تعالیٰ کے
دو مخصوص لباس کی مانند ہے
اور جو کوئی تکبّر کرے
تو اس نے
خداوندِ عزّ و جل سے جنگ کی ہے۔
(کافی جلد 2۔ صفحہ 309)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# بدشگونی کا آسان ترین حل

ابن ابی عمیر کا بیان ہے کہ میں پہلے نجومی تھا
اور طالع سے آگاہ تھا اور میرے اوپر اس کا اثر بھی ہوتا تھا
میں نے امام موسیٰ بن جعفرؑ کے پاس اس کی شکایت کی
امامؑ نے فرمایا: جب بھی تمہیں (کسی کام کیلئے) بدشگونی کا احساس ہو
تو اس محتاج کو صدقہ دے دو جس سے



سب سے پہلے تمہارا واسطہ پڑے
پھر وہ کام انجام دو،
یقیناً خدا تم سے خطرے کو دور کرے گا۔

(مفاتیح الحیات۔ آیت اللہ جواد آملی۔ صفحہ 689)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# بھولے ہوئے سجدے

مسئلہ 349: جو شخص نماز میں ایک سجدہ بھولے سے انجام نہ دے اور نماز کے دوران اس کا تدارک بھی نہ کر سکے (یعنی اگلی رکعت کے رُکوع میں جانے سے پہلے اسے یاد نہ آئے کہ اس نے ایک سجدہ انجام نہیں دیا، رُکوع میں یا رُکوع کے بعد) تو نماز کے بعد اس سجدہ کی قضاء کرے گا اور احتیاطِ مستحب ہے کہ قضاء کے ساتھ دو سجدۂ سہو بھی انجام دے گا اور یہی حکم جاری ہو گا اگر ایک سے زیادہ رکعات میں ایک سجدہ انجام دینا بھول گیا ہو (یعنی ہر سجدہ کی قضاء اور احتیاطِ مستحب کی بناء پر سجدہ سہو انجام دے گا) اور سجدہ کی قضاء میں وہ تمام چیزیں ضروری ہیں جو ادا سجدہ میں ضروری ہوتی ہیں جیسے طہارت (وضو یا غسل) اور رو بہ قبلہ ہونا وغیرہ۔

حوالہ: https://www.sistani.org/arabic/book/13/584




www.facebook.com/madrasatulqaaim


توبہ کرنے والا
کامیاب ہے
حضرت امیرالمومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا
جس کو مغفرت طلب کرنے کی توفیق دی گئی
وہ مغفرت سے محروم نہیں رہے گا۔
(ہدایۃ العلم وغرر الحکم۔ حصّہ دوم۔ صفحہ 165)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim


حضرت رسولِ خدا ﷺ نے فرمایا
جب کوئی بُرا کام سرزد ہو جائے
تو اس کے فوراً بعد
نیکی بجا لاؤ
کیونکہ نیکی
گُناہ کو مٹا دیتی ہے۔
نہج الفصاحہ۔ابوالقاسم پایندہ
صفحہ43۔حدیث177
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# عشاء کی نافلہ نماز کھڑے ہو کر پڑھنا





سوال: کیا عشاء کی نافلہ نماز بیٹھنے کے بجائے کھڑے ہو کر پڑھ سکتے ہیں؟

جواب: (احتیاطِ واجب کی بناء پر) جائز نہیں ہے مگر اس شخص کیلئے جو بیٹھ کر نماز نہ پڑھ سکتا ہو۔

حوالہ: https://www.sistaniorg/arabic/qa/0736

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# عِلم کا ایک باب سیکھنے کی فضیلت



حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا

جو شخص عِلم کا ایک باب سیکھے
تاکہ رضائے الٰہی کی خاطر
اُسے دوسرے لوگوں کو سکھائے
تو خدا اُسے ستّر انبیاءؑ کا اجر عنایت فرماتا ہے۔

(روضۃالواعظین۔صفحہ12)



MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ

www.facebook.com/madrasatulqaaim


زیارتِ قبور
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا
قبور کی زیارت کے لیے جاؤ
بے شک وہ تمہارے لئے
آخرت کی یاد تازہ کرتی ہیں۔
(بحارالانوار ج79، ص169)
www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

# کفر کا کمترین درجہ

امام جعفر صادقؑ سے پوچھا گیا کہ:


کفر کے کمترین درجات یعنی حق سے روگردانی کیا ہے؟

امامؑ نے فرمایا


## اس کا کمترین درجہ تکبّر ہے۔

(کافی جلد2۔صفحہ309)

www.facebook.com/madrasatulqaaim


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
کلمۂ استرجاع ادا کرنے کا عظیم اجر
حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا
جسے مصیبت کے وقت
اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ
کہنے کا الہام ہو جائے
اُس پر جنّت واجب ہو جاتی ہے۔
(بحار الانوار۔جلد82۔صفحہ128)
www.facebook.com/madrasatulqaaim


متکبّروں کیلئے دوزخ کا خاص حصّہ
حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا
دوزخ میں ایک ایسا درجہ ہے جو متکبّروں کے لئے مخصوص ہے
کہ جسے سقر کہتے ہیں اس نے اپنی گرمی کی شدت کی
خداوند عالم سے شکایت کی اور سانس لینے کی اجازت چاہی
پس اس نے سانس لیا اور جہنّم کو جلا دیا۔
(کافی جلد2صفحہ310)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim



# مرد کے لئے نامحرم عورت کو دیکھنا



مسئلہ 14: مرد کیلئے جائز نہیں کہ وہ نامحرم عورت کے بالوں اور بدن کے کسی حصّہ کو سوائے چہرے اور ہاتھوں کو کلائیوں تک کو دیکھے چاہے یہ دیکھنا شہوت کے ساتھ ہو یا حرام میں پڑنے کے خوف کے ساتھ ہو یا ان دونوں میں سے کوئی صورت نہ ہو (ہر صورت میں دیکھنا جائز نہیں) اسی طرح چہرے اور ہاتھوں کو کلائیوں تک شہوت کے ساتھ یا حرام میں پڑنے کا اگر خوف ہو تو دیکھنا جائز نہیں ہے لیکن ان دو صورتوں کے علاوہ چہرے اور ہاتھوں کو کلائیوں تک دیکھنا جائز ہے اگرچہ احتیاطِ مستحب ہے کہ اس صورت میں نہ دیکھے۔

حوالہ:https://www.sistani.org/arabic/book/16/859

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# مومن کا مرتے وقت
# مولا علیؑ کی زیارت کرنا

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا

مجھے اس شخص کے بارے میں بتاؤ جس کی موت کے وقت
تم حاضر ہوئے تھے وہ کیا کہہ رہا تھا؟

**عقبہ نے کہا:**

وہ اپنا ہاتھ پھیلائے کہہ رہا تھا: اے علیؑ!
آپؑ نے میرے ہاتھ نورانی کر دیئے۔

یہ سُن کر امام علیہ السلا نے فرمایا:
اللہ کی قسم اُس نے علیؑ کو دیکھا
اللہ کی قسم اُس نے علیؑ کو دیکھا
اللہ کی قسم اُس نے علیؑ کو دیکھا۔

(الکافی (ط-الاسلامیة)۔ج3۔ص128)

www.facebook.com/madrasatulqaaim


ہدایت یافتہ لوگ
اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:
اللہ کی مسجدوں کو صرف وہ لوگ آباد کرتے ہیں
جن کا ایمان اللہ اور روز آخرت پر ہے
اور جنہوں نے نماز قائم کی ہے زکوۃ ادا کی ہے
اور سوائے خدا کے کسی سے نہیں ڈرے
یہی وہ لوگ ہیں جو عنقریب ہدایت یافتہ لوگوں میں شمار کیئے جائیں گے۔
(سورۃ التوبہ۔آیت18)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
إِنَّمَا يَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللَّـهِ مَنْ آمَنَ بِاللَّـهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَأَقَامَ
الصَّلَاةَ وَآتَى الزَّكَاةَ وَلَمْ يَخْشَ إِلَّا اللَّـهَ
فَعَسَىٰ أُولَـٰئِكَ أَن يَكُونُوا مِنَ الْمُهْتَدِينَ
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# یتیم بچّے کی دیکھ بھال
# کہ ذمّہ داری کس کی؟



سوال: جس بچّہ کے باپ دادا نہ ہوں،
اس کے سرپرست نانی و ماموں ہونگے یا چچا؟

جواب: ان میں سے کسی کو بھی حق ولایت حاصل نہیں ہوگا
بلکہ حاکم شرع کی طرف رجوع کیا جائے گا
اور حاکمِ شرع نہ ہو تو عادل مومنین اس یتیم بچے کی مصلحت کی خاطر
اس کے مسائل حل کرنے کے لیے دخالت کریں گے۔

(نوٹ ـــ البتہ قریبی رشتہ دار حاکمِ شرع سے رجوع کر کے بچّے کے امور کے نگران بن سکتے ہیں)

(سوال و جواب۔ویب سائٹ آیت اللہ العظمی السید علی السیستانی)

https://www.sistani.org/urdu/qa/01819/#25697

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

00923332136992

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# اللہ کے اسمائے مبارکہ پر کسی کا نام رکھنا



## سوال

بعض لوگوں کا قادر یا قدوس نام رکھنا یا اللہ کے اسمائے حسنیٰ میں سے کوئی بھی نام رکھنا صحیح ہے جبکہ اس نام کے ساتھ عبد کا اضافہ نہ کیا گیا ہو (جیسے عبد القادر)؟

**جواب:** وہ اسماء اور صفات جو خداوندِ عالم کی ذاتِ اقدس سے مختص ہیں ان پر کسی کا نام رکھنا جائز نہیں، جیسے لفظ اللہ یا رحمٰن لیکن وہ اسماء و صفات جو ذاتِ الٰہی سے مختص نہ ہوں اور ان کے استعمال کے وقت ذاتِ پروردگار کی طرف تبادر نہ جاتا ہو (یعنی یہ نام سنتے ہی اللہ کا تصوّر ذہن میں نہ آتا ہو) جیسے لفظ بصیر، سمیع اور قادر وغیرہ تو ایسے نام رکھنا جائز ہیں لیکن بہتر یہ ہے کہ ان کے ساتھ بھی لفظِ عبد کا اضافہ کیا جائے (جیسے عبد السمیع) اگرچہ پکارتے وقت تخفیف کی وجہ سے لفظِ عبد حذف کردیا جائے (جیسے اصل نام عبد السمیع ہو لیکن جب عام بول چال میں پکارا جائے تو سمیع کہہ کر پکارا جائے) اور احتیاطِ واجب کی بناء پر ایسے نام رکھنا کہ جن سے تبادر اللہ کی ذاتِ اقدس ہو جائز نہیں ہے مثلاً خالق، رازق، رحیم اور قدّوس وغیرہ۔

حوالہ: https://www.sistani.org/arabic/qa/0378

www.facebook.com/madrasatulqaaim






سوال: کیا قبروں پر کوئی تجارتی عمارت بنانا جائز ہے
اس طرح کہ قبور کو منہدم کیا جائے
اور ان میں موجود میّتوں کو نکال دیا جائے؟

جواب: میّتوں کو نکالنا جائز نہیں ہے اور قبور کو منہدم کرنا بھی جائز نہیں ہے
سوائے اس کے کہ عِلم ہو جائے کے قبر میں موجود میّت بالکل ختم ہو چکی ہے
اور مٹّی میں تبدیل ہو چکی ہے اس صورت میں جائز ہے
(قبر کو منہدم کرنا) اگر یہ زمین کسی اور کی ملکیّت یا وقف کی زمین نہ ہو۔

حوالہ: https://www.sistani.org/arabic/qa/0738

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# ماں باپ کیلئے بچہ کے مال میں تصرف





**سوال:** کیا والدین ولادت کے وقت بچہ کو ہدیہ کے طور پر ملنے والے پیسوں میں تصرّف کرسکتے ہیں (انہیں استعمال کرسکتے ہیں) اس طرح کے ان پیسوں سے بچوں کیلئے ہی کپڑے یا سونا وغیرہ خریدلیں اور کیا بچہ کے باپ کو یہ حق ہے کہ وہ ضرورت کے وقت اس رقم میں تصرّف کرے؟

---

**جواب:** اگر وہ رقم بچہ کی ملکیت ہو تو ماں کیلئے جائز نہیں کہ اس میں کوئی تصرّف کرے چاہے بچے کیلئے ہی کپڑے کیوں خریدے لیکن باپ کو بچہ کے مال پر ولایت (اختیار اور تسلّط) حاصل ہے پس باپ ایسا تصرّف کرسکتا ہے جس میں بچہ کی مصلحت ہو اور بچہ کی مصلحت میں سے ہے کہ ان کیلئے وہ چیزیں خریدے جس کی انہیں اپنی زندگی میں ضرورت ہے جیسے کپڑے وغیرہ۔

حوالہ: https://www.sistani.org/arabic/qa/0445

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)